# C B S E SAMPLE QUESTION PAPER 2021-22
## TERM 1st- CLASS X
## SUBJECT:- URDU ELECTIVE (003)

**TIME: 90 MINUTES** **M.M: 40**

## General Instruction:-

1- The question Paper contains 3 Sections
2- Section A contains 12 questions. Attempt any 10 questions
3- Section B contains 13 questions. Attempt any 10 questions
4- Section C contains 25 questions. Attempt any 20 question
5- There is no negative marking.

## SECTION -A READING AND COMPREHENSION

### حصہ الف

درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیں اور اس سے متعلق سوالات کے جوابات دیجئے (متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیئے ۔ ۔

" انفارمیشن ٹکنالوجی انگریزی زبان کا لفظ ہے ۔ اپنی زبان میں ہم اسے "فن مہارت کی آگاہی یا تجسس "کہتے ہیں ۔ قدیم انسان اگر چہ کسی فن یا مہارت سے بے بہرہ تھا لیکن وہ اپنی سطح سے ہر کام کے لیے نئی راہیں تلاش کرتا تھا ۔ چقماق کے دو ٹکڑوں کی رگڑ سے اس نے آگ پیدا کرنا سیکھ لیا ۔ گول پتھر کو ڈھال سے لڑھکتے ہوئے دیکھ کر اس نے سوچا ہوگا کہ وہ بھی اس سے تیز رفتار گول پتھر کی طرح کوئی چیز ایسی وجود میں لائے جس سے وہ استفادہ کر سکے ۔ تو نتیجے میں وہ پہئیے کا موجد بنا اسی طرح اس کے ذہن میں ایک حرکت پیدا ہوئی اور ترقی کی نئی راہیں تلاش کرنے لگا یہی ذہنی

حرکت اس کو اس مو ڑ پر لائی کی وہ دستکای اور اس کی بعد مشینی عہد میں پہنچ گیااب اس کا تجسس بڑھ گیا اور وہ دن رات نئی نئیایجاد ات کے بارے میں سوچنے لگا اس کے ذہن میں ایک نیا انقلاب پیدا کر دیا اور اس ایجاد نے انسان کو پوری دنیا سے با خبر رہنے اور اپنی بات کو دوسرے تک پہچانے کا وسیلہ فراہم کیا ۔

**1)انفارمیشن ٹکنالوجی کس زبان کا لفظ ہے ؟**

(A)ہندی

(B) انگریزی

(C) اردو

(D)سنسکرت

**2)قدیم انسان اپنی سطح کے ہر کام کے لیے کیا تلاش کرتا ہے؟**

(A) نئی راہیں

(B)پرانی راہیں

(C) اوپر کی دونوں راہیں

(D)کچھ نہیں

**3)چقماق کےٹکڑے کی رگڑ سے انسان نے کیا پیدا کرنا سیکھا ؟**

(A)ہوا

(B)پانی

(C) آگ

(D)کچھ نہی

**4)درج بالا عبارت نثر کس صنف سے تعلق رکھتی ؟**

A)مضمون

B)انشائیہ

C)افسانہ

D)نا ول

**(5) کاغذ اور چھاپہ خانہ کی ایجاد نے ان کے ذہن میں کیا پیدا کیا ؟**

(A)دنیا سے بے خبری

(B) نیا انقلاب

(C) کچھ بھی نہیں

(D) نئی روشنی

مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالات کے جوابات دیئجے ۔ (متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب انتخاب کیجئیے )

آتا ہے یادمجھ کو گزرا ہوا زمانہ

وہ باغ کی بہاریں وہ سب کا چہچہانا

آزادیاں کہاں وہ اپنےگھونسلے کی

اپنی خوشی سے آنا اپنی خوشی سے جانا

لگتی ہے چوٹ دل پر آتا ہے یاد جس دم

شبنم کے آنسوئوں پر کلیوں کا مسکرانا

وہ پیاری پیاری صورت وہ کامنی سی مورت

آباد جس کے دم سے تھا میرا آشیانہ

آتی نہیں صدائیں اس کے میرے قفس میں

ہوتی میری رہائی اے کاش میرے بس میں

کیا بد نصیب ہوں میں گھر کو ترس رہا ہوں

ساتھی تو ہے وطن میں،میں قید میں پڑا ہوں

آئی بہار کلیاں پھولوں پہ ہنس رہی ہیں

میں اس اندھیرے گھر میں قسمت کو رو رہا ہوں

اس قید کا الٰہی دکھڑا کسے سناؤں

ڈر ہے یہیں قفس میں ،میں غم سے مر نہ جاؤں

**(6)پرندہ کو کیا یاد آتا ہے ؟**

(A)گزرا وقت

(B)گزرا ہوا زمانہ

(C)باغ کی بہاریں

(D)کھلا آسمان

**(7)آئی بہار کلیاں پھولوں کی ---------**

(A) رو رہی ہیں

(B) مہک رہی ہیں

(C)ہنس رہی ہیں

D)گا رہی ہیں

**(8)پرندے کی رہائی اس کے بس میں کیوں نہیں ہے**

(A)کیوں کی وہ آزاد ہے

(B)کیوں کی وہ قید ہے

(C)کیوں کی وہ آزاد نہں ہونا چاہتا

(D)ان میں سے کوئی نہیں

**(9)مذکورہ اشعار کس صنف سے تعلق رکھتی ہے**

(A)غزل
)

(B)نظم

(C)قصیدہ

(D) رباعی

**(10)پرندہ کےساتھی کہاں ہیں**

A ) اپنے وطن

B)گھر میں

C)جنگل میں

D)گاؤں میں

(11) بد نصیب کے معنی کیا ہے

A) قسمت والا

B)بد نام

C)جس کا نصیب خراب ہو

D)نیک نام

**(12) قفس کسے کہتے ہیں**

A ) قید خانہ

B)آرام گھر

C) خراب گھر

D) ان میں سے کچھ نہیں

## SECTION –B (GRAMMER AND WRITING )

## حصہ (ب ) قواعد اور تحریری مہارت

**13) وہ فعل جو آنے والے زمانے میں کیا جائے گا مثلاً ٹرین آئے گی ، ہم جائیں گے اس کا زمانہ بتایئں**

A)حال

B)ماضی

C) مستقبل

D)ان میں سے کوئی نہیں

**14) وہ آیا، نجمہ ہنسے گی ، بچی روتی ہے ان جملوں میں کو ن سا فعل استعمال ہوا ہے؟**

A) فعل لازم

B) فعل متعدی

C) فعل مجہول

D)ان میں سے کوئی نہیں

**15) کلام میں ایسے الفاظ کا لانا جو ایک دوسرے کی ضد پر ہوں ، کیا کہلاتے ہیں؟**

A)صنعت تضاد

B)صنعت تلمیح

C)صنعت استعارہ

D)ان میں سے کوئی نہیں

**16)چاند سا چہرہ، صنعت بتائیں**

A)تضاد

B)مبالغہ

C) تشبیہ

D)ان میں سے کوئی نہیں

**17)۔ راجندر سنگھ بیدی کی ولادت کب ہوئی**

A) 1914

B) 1916

C) 1915

D)ان میں سے کوئی نہیں

**18)-راجندر سنگھ بیدی کی ولادت کہاں ہوئی**

A)امرتسر

B)لدھیانہ

C)بنارس

D)سیالکوٹ

**19)۔ منگو کوچوان انگریزوں سے کیوں نفرت کرتا تھا؟**

A)کیوں کہ انگریزوں نے اسے مارا تھا

B)کیوں کہ انگریزوں نے ہندستان میں تانگہ چلانہ بند کر دیا تھا

C)کیوں کہ وہ انگریزوں کو پسند نہیں کرتا تھا

D)ان میں سے کوئی نہیں

**20). بھولا گیتا کیوں شوق سے سنتا تھا؟**

A)کیونکہ وہ شاعری کا شوقین تھا

B)کیونکہ گیتا اس کی بہن کا نام تھا

C)کیونکہ کہانی کا شوقین تھا

D)ان میں سے کوئی نہیں

**21) سرسید احمد خاں کی ولادت اور وفات کی تاریخ بتائیں۔**

A)1817،1898

B) 1898،1920

C)1782،1815

D)ان میں سے کچھ نہیں

**22) تربیت یافتہ ملکوں میں عورتوں کے ساتھ کیا سلوک کیا جاتا ہے؟**

A)برابری کا

B)مردوں سے بڑھ کر

C)مردوں سے کمتر

D)ان میں سے کوئی نہیں

**23). مرزا محمدر فیع کس تخلص کا استعمال کرتے تھے؟**

A) دردؔ

B)سوداؔ

C) غالبؔ

D)ان میں سے کوئی نہیں

بہار بے سپر جام و یار گزرے ہے
نسیم تیر سی چھاتی کے پار گزرے ہے

**24)اس شعر کے شاعر کا نام کیا ہے؟**

A)ذوقؔ

B)غالبؔ

C)سوداؔ

D) ان میں سے کوئی نہیں

**25)ذوقؔ کا پورا نام کیا تھا**

A)مرزا محمد رفیع

B)شیخ محمد ابراہیم

C)مرزا اسد اللہ خاں

D) ان میں سے کوئی نہیں

## SECTION C (LITERATURE)

**حصہ ج ادب**

**26)- ذوقؔ کا سن ولادت کیا تھا**

A) 1854

B)1857

C) 1790

D) ان میں سے کوئی نہیں

**27)۔ شاد عظیم آبادی کہاں پیدا ہوئے**

A) عظیم آباد پٹنہ

B) آگرہ

C) اعظم گڑھ

D) ان میں سے کوئی نہیں

**28)**- رباعی میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں

A)دو

B)چار

C) چھ

D) سات

**29)-** عام طور پر رباعی میں کون سا مصرعہ سب سے زیادہ زور دار ہوتا ہے

A)پہلا

B)دوسرا

C)چوتھا

D) ان میں سے کوئی نہیں

**30)- عمر خضرؑ سے شاعر کی کیا مراد ہے**

A)طویل عمر

B) مختصر عمر

C) اوپر کے دونوں غلط

D)عمر جاوداں

31) منشی پریم چند کہاں پیدا ہوئے تھے -

A)بنارس

B) الہٰ باد

C)دہلی

D)پٹنہ

**32)- کون سی نثری صنف ہے جو ایک ہی نشست میں پڑھی جاتی ہے؟**

A) انشائیہ

B) افسانہ

C) ڈرامہ

C) ان میں سے کوئی نہیں

**33)- دریا کو کوزے میں بند کرنا کس شعری صنف سخن کے لیے کہا گیا ہے؟**

A)نظم

B) غزل

C)مثنوی

D) ان میں سے کوئی نہیں

**34)-کسی ایک شخص کے زندگی کے واقعات اور حالات یا شخصیت کے مختلف پہلوؤں کا بیان کس صنفسخن میں کیا جاتا ہے ؟**

A) سوانح

B) مضمون

C) انشائیہ

D) ان میں سے کوئی نہیں

**35)- سبق "گلی ڈنڈا" کے مصنف کا نام کیا ہے ؟**

A) کرشن چندر

B) علی عباس حسینی

C)پریم چند

D) ان میں سے کوئی نہیں

**36)- کرشن چند کے اس افسانے کا نام بتائیے جو آپ کے نصاب گلزار اردو میں تحریر ہے۔**

A)فقیر

B)گلی ڈنڈا

C)دو فرلانگ لمبی سڑک

D)"گدڑی کا لال" خاکے کے مصنف کون ہیں

**37)- سعادت حسن منٹو کی ولادت کب ہوئی**

1914(A

1916(B

1915 (C

1912(D

**38)- ان میں سے سعادت حسن منٹو کا افسانہ کون سا ہے؟**

A)ٹوبہ ٹیک سنگھ

B)لمحے

C)گرہن

D)کفن

**39)- منٹو کس صنف میں مہارت رکھتے تھے؟**

A)انشائیہ

B)ناول

C)تنقید

D)افسانہ

**40)- سرسید کس تحریک سے وابستہ رہے؟**

A)ترقی پسند تحریک

B)رومانوی تحریک

C)علی گڑھ تحریک

D) ان میں سے کوئی نہیں

مندرجہ ذیل بند کو پڑھ کر اس کے متعلق سوالات کے جوابات دیجیے۔

سر میں شوق کا سودا دیکھا
دہلی کو ہم نے بھی جا دیکھا
جو کچھ دیکھا اچھا دیکھا
جمنا کے پاٹ کو دیکھا
اچھے ستھرے گھاٹ کو دیکھا
سب سے اونچے لاٹ کو دیکھا
حضرت ڈیوک کناٹ کو دیکھا
پلٹن اور رسالے دیکھے
گورے دیکھے کالے دیکھے
سنگینیں اور بھالے دیکھے
بینڈ بجانے والے دیکھے

41) مندرجہ بالا شعری حصہ کس صنف سے ہے؟

A)نظم
B)رباعی
C)غزل
D)مثنوی

42) مندرجہ بالا شعری حصہ کے شاعر کون ہیں ؟

A)غالبؔ
B)اقبالؔ
C)نظیرؔ
D)اکبرؔ الہ آبادی

43) مندرجہ بالا شعری حصہ کس نظم سے منتخب ہے؟

A)حقیقت حسن
B)جلوہ دربار دہلی
C)آندھی
D)آدمی نامہ

44) شاعر نے اس نظم میں کس شہر کا ذکر کیا ہے؟

A)دہلی
B)بنارس
C)لکھنؤ
D)حیدرآباد

45) پہلے مصرعے میں" سودا" لفظ کے کیا معنی ہیں؟

A)شوق
B)خوشی
C)پاگل پن

D)ناراض

**46)"گدڑی کا لال" خاکے کے مصنف کون ہیں**

A)مولوی عبد الحق

B)نور خان

C)پریم چند

D) کرشن چند

**47)- آئی سی ایس بننے کے بعد وحید میں کیا تبدیلی آئی**

A)اپنے والدین اور عزیزوں کتراتا تھا

B)اپنے والدین کے پاس رہنے لگا

C) اوپر کے دونوں جواب غلط ہیں

D)ان میں سے کوئی نہیں

2 - درج ذ یل درسی عبارت کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوا لات کے جوبات دئیجے ( متبادل جوابوں میں صحیح جوابوں کا انتخاب ایک لفظ یا ایک جملے میں کیجئے ۔

" سر سید کے مسماتی ماں بی جی نے جو ایک قدیم خیرخواہ خادمہ ان کے گھرانے کی تھیں پالا تھا ۔اس لئے ان کو ماں بی جی سے نہایت محبت تھی ۔ وہ پانچ برس کے تھے جب ماں بی جی کا انتقال ہوا ان کا بیان ہے کہ "مجھے خوب یاد ہے ماں بی جی مرنے سے چند گھنٹے پہلے فالسے کا شربت مجھ کو پلا رہی تھیں جب وہ مر گئی تو مجھے اس کے مرنے کا نہایت رنج ہوا میری والدہ نے مجھے سمجھایا کہ و ہ خدا کے پاس گئی ہیں بہت اچھے مکان میں رہتی ہیں بہت سے نوکر چاکر ان کی خدمت کرتے ہیں اور ان کی زندگی بڑے آرام سے گزرتی ہے تم کچھ رنج مت کرو ۔ مجھ کو ان کے کہنے پر پورا یقین تھا کہ فی الواقع ایسا ہی ہے مدت تک ہر جمعرات کو ان کی فاتحہ ہوا کرتی تھی ۔ اور کسی محتاج کو کھانا دیا جاتا تھا مجھے یقین تھا کہ یہ کھانا ماں بی جی کے پاس پہنچ جاتا ہے اس نے مرتے وقت کہا تھا کہ میرا تمام زیور سید کا ہے مگر میری والدہ اس کو خیرات میں دینا چاہتی تھیں ۔ ایک انھوں نے مجھ سے پوچھا اگر تم کہو تو یہ گہنا ماں بی جی کے پاس بھیج دوں ۔ میں

نے کہا ہاں بھیج دو والد نے وہ سب گہنا مختلف طرح سے خیرات میں دے دیا ۔"

**(48)سر سید کو کس نے پالا تھا**

(a)مسمات ماں بی جی نے

(b)اسماں ماں نے

(c)ان کی ماں نے

d)دادی نے

**(49)مندرجہ بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے**

(A)سر سید احمد خاں

(B)سر سید کا بچپن

(C)سر سیدکا زمانہ

D)سرسید اور ان کے رفقاء

**(50) اس سبق کے مصنف کا نام بتائیے**

(A)الطاف حسین حالی

(B)سر سید احمد خاں

(C)سید عابد حسین

D)سرندر پرکاش